GlucoRx

TD-4230

بلڈگلوکوز مانیٹرنگ سسٹم

پہلی بار استعمال کنندگان کے لئے رہنما

محترم گلوکو Rx TD-4230 سسٹم کے مالکان

اپنے ذیابیطس پر موثر طریقے سے قابو رکھنے کے لئے TD-4230 بلڈگلوکوز مانیٹرنگ سسٹم (خون میں گلوکوز پر نگاہ رکھنے کا نظام) کا انتخاب کرنے کے لئے آپ کا شکریہ۔ یہ نظام خاص کر گھر پر اپنے خون میں گلوکوز پر از خود نگاہ رکھنے کے معاملے میں، صارف کے موافق ہے۔ اسٹرپ انجکشن بٹن اور 4 مختلف یاد دہانی والے الارمز اس نظام کی خصوصیات ہیں۔

اسٹرپ انجکشن بٹن سے آپ کو اسٹرپ کو چھونے بغیر استعمال شدہ اسٹرپ کو نکال دینے میں مدد ملتی ہے۔ یہ انجکشن کو امکانی حیوی مضرت رساں مواد سے محفوظ رکھتا ہے۔ الارم کا فنکشن ہر روز مقررہ وقفے پر آپ کو خون میں گلوکوز کی جانچ کرنے کی یاد دلاتا ہے، جو گلوکوز کے نظم و نسق کے لئے معاون ہوتا ہے۔

آپ کا پہلی بار استعمال کنندگان کے لئے رہنما اس نظام کو تشکیل دینے اور جانچ کرنے میں آپ کی اعانت کرتا ہے۔ براہ کرم استعمال کرنے سے قبل اسے بغور پڑھیں۔ نظام کے استعمال اور خصوصیات سے متعلق مکمل معلومات کے لئے، براہ کرم مالکان کے دستی کتابچہ سے رجوع کریں۔





1. میٹر ترتیب دیں

1-1 ترتیب سازی شروع کرنے کے لئے S بٹن دبائیں۔ سب سے پہلے سال سامنے آتا ہے۔

1-2 تبدیلیاں کرنے کے لئے M بٹن دبائیں۔ M بٹن کو نیچے کی طرف دباتے رہ کر نمبر کو تیزی سے اگے بڑھایا جاسکتا ہے۔ اگے بڑھانے کے لئے ترتیب والا بٹن دبائیں۔

1-3 تاریخ جھلکتی ہے۔ تبدیلیوں کے لئے مرحلہ 1-2 پر عمل کریں۔

تاریخ کے بعد ترتیبات کی ترتیب ہے:

→ **وقت**

→ **حافظہ کی تنسیخ** → **الارم فنکشن**

ترتیب مکمل ہونے کے بعد میٹر خود بخود بند ہوجائے گا۔

حافظہ کی تنسیخ اور الارم فنکشن کے لئے، براہ کرم تفصیلات کے لئے اپنے مالکان کے دستی کتابچہ سے رجوع کریں۔

2. نشتر لگانے والا آلہ ترتیب دیں

2-1 نشتر لگانے والا آلہ کا قیف کھینچ کر نکالیں۔



2-2 نشتر کو لانسیٹ ہولڈر میں داخل کریں اور اسے مضبوطی سے نیچے کی سمت دبائیں یہاں تک کہ پوری طرح جگہ پر بیٹھ جائے۔

2-3 حفاظتی ڈسک کو نشتر سے نکال کر گھمائیں۔





2-4 انگلی کے پور سے خون نکالنے کے لئے، قیف پر بنے تیر کے نشان کو سیدھ میں لاکر قیف کو اجراء والے بٹن کی جگہ کریں۔ تداخل کی گہرائی منتخب کریں اس طرح کہ قابل توافق ٹپ کو کسی بھی سمت میں گھمائیں تاکہ قیف پر بنا تیر کا نشان مناسب گہرائی کی نشاندہی کردے۔ اشاریہ کے خط کی طوالت جتنی لمبی ہوگی، تداخل کی گہرائی اتنی ہی زیادہ ہوگی۔ کاکنگ کنٹرول کو واپس کھینچیں یہاں تک کہ اس سے کلک کی اواز انے۔ اس کے تیار ہوجانے پر اجراء والے بٹن کے اندر رنگ تبدیل ہوجاتا ہے۔



2-5 انگلیوں کے علاوہ کسی اور مقام سے خون کے لئے۔ نشتر لگانے والے قیف کے بدلے کوئی صاف ستھرا قیف لگائیں۔ کاکنگ کنٹرول کو واپس کھینچیں یہاں تک کہ اس سے کلک کی آواز انے۔

3. اپنے خون میں گلوکوز کی جانچ کریں

3-1 اپنے ہاتھوں کو دھوئیں اور اچھی طرح سکھا لیں۔ جانچ والی ایک پٹی نکالیں اور پھر شیشی کو مضبوطی سے بند کردیں۔

3-2 شروع کرنے کے لئے جانچ والی پٹی داخل کریں۔ آپ کو LCD ڈسپلے پر یوں ترتیب نظر آئے گی: "CHK" اور ، فلیشنگ" ♦ " مع تاریخ اور وقت۔



3-3 اپنی انگلی سے خون کا ایک قطرہ لیں۔ نشتر ڈالنے والے آلہ کو سوراخ والے مقام کے سامنے مضبوطی سے پکڑیں۔ خون کا قطرہ لینے کے لئے اجراء والے بٹن کو دبائیں۔ اپنا خون جانچ والی پٹی میں ڈالنے کے لئے مرحلہ 3-5 پر جائیں۔



3-4 انگلیوں کے علاوہ کسی اور مقام سے خون کا قطرہ لینے کے لئے۔ نشتر ڈالنے والے آلہ کو سوراخ والے مقام کے سامنے مضبوطی سے پکڑیں۔ خون کا قطرہ لینے کے لئے اجراء والے بٹن کو دبائیں۔ اپنا خون جانچ والی پٹی میں ڈالنے کے لئے مرحلہ 3-5 پر جائیں۔



3-5 ♦ ڈسپلے پر جھلملانے پر، اپنا خون جانچ والی پٹی کے انجذابی سوراخ پر مس کرکے رکھیں یہاں تک کہ توثیقی ونڈو پوری طرح بھر جائے

3-6 میٹر کی گنتی 0 ہونے پر، جانچ کا نتیجہ تاریخ، وقت، اور جانچ نتیجہ کے اشاریہ کے ساتھ ہی نمودار ہوگا، اور یہ خود بخود حافظہ میں محفوظ ہوجاتا ہے۔

3-7 جانچ والی پٹی نکالیں۔ اس کے بعد میٹر خود بخود بند ہوجاتا ہے۔ استعمال شدہ پٹی اور نشتر اپنے مقامی تقاضوں کے مطابق احتیاط کے ساتھ ضائع کردیں۔

4. اپنا نتیجہ پڑھیں

آپ کو اس نظام سے جانچ کے نتائج موصول ہوجانے پر، آپ اپنے خون میں گلوکوز پر بہتر قدرت حاصل کرنے کے لئے درج ذیل سطحوں کے ساتھ اپنے نتائج کی جانچ کرسکتے ہیں۔

	دن کا وقت	
	خالی پیٹ اور کھانے سے پہلے	کھانے کے 2 گھنٹے بعد
پلازما گلوکوز کا دائرہ (mmol/L) بغیر ذیابیطس والے افراد کے لئے	3.5-5.5 mmol/L	8 mmol/L سے کم
قسم 1 کے ذیابیطس والے بچوں کے لئے (NICE 2004)	4-8 mmol/L	10 mmol/L سے کم
قسم 1 کے ذیابیطس والے بالغوں کے لئے (NICE 2004)	4-7 mmol/L	9 mmol/L سے کم
قسم 2 کا ذیابیطس (NICE 2004)	4-7 mmol/L	8.5 mmol/L سے کم

ڈائبیٹیز یوکے کا حوالہ:
http://www.diabetes.org.uk/Guide-to-diabetes/Treatment__your_health/Monitoring/Blood_glucose/Blood-glucose-target-ranges/

براہ کرم اپنے لئے بہترین کارگر ثابت ہونے والے ابتدائی دائرے کا تعین کرنے کے واسطے اپنے ڈاکٹر کے ساتھ مل کر کام کریں۔

آپ کا نتیجہ اشاریوں کے ساتھ آتا ہے:
Lo / Hi / KETONE ?

Lo	KETONE ?	Hi
اس وقت نمودار ہوتا ہے جب گلوکوز 1.1 mmol/L (20mg/dl) سے کم ہوتا ہے۔	اس وقت نمودار ہوتا ہے جب گلوکوز 15mmol/L (270 mg/dL) کے برابر یا زیادہ ہوتا ہے	اس وقت نمودار ہوتا ہے جب گلوکوز 33.3 mmol/L (600 mg/dL) سے زیادہ ہوتا ہے۔

تقسیم کردہ بذریعہ:
DIME
www.glucorx.co.uk
یونٹ 4 ونٹلی سوئیمنٹ وے ویسٹ
ووکنگ، سیورے، یوکے، GU21 5EN

ڈائی ٹوک ٹکنالوجی کارپوریشن
3F, 5F, نمبر 127، ووکنگ 2nd روڈ، 24888
ووگو ٹائونشپ، تائپے کنوٹی، تائیوان

EC REP میڈیٹ GmbH
بارکسٹراس 10
48163 میونسٹر – جرمنی
ٹیلیفون: 49+ 251 322660 فیکس: 49+ 251 3226622

CE 0123 IVD
برائے از خود جانچ

315-4230200-004